यहाँ से काटिए

प्रश्न पत्र को खोलने के लिए यहाँ फाड़ें
TEAR HERE TO OPEN THE QUESTION PAPER

Tear Here

**Sl.No.:**

नामांक **Roll No.**

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| | | | | | | |

No. of Questions - 11
No. of Printed Pages - 7

## SS-22-Urdu Sah.(Supp.)

# SENIOR SECONDARY SUPPLEMENTARY EXAMINATION - 2017

# URDU SAHITYA

Time :3¼ Hours
Maximum Marks : 80

طلبہ کے لئے ہدایات :

(i) طلبہ / طالبات سب سے پہلے سوال کے پرچہ پر اپنا رول نمبر ضرور لکھیں۔

(ii) سبھی سوالات لازمی ہیں۔

(iii) ہر سوال کا جواب دی گئی کاپی میں ہی لکھیں۔

(iv) ہر جواب سے پہلے اس کا صحیح سوال نمبر لکھیں۔

(v) جن سوالوں کے ایک سے زائد حصے ہوں، ان حصوں کے جوابات ایک ساتھ ہی لکھیں۔

(vi) سوالوں کے جوابات خوشخط لکھیں اور املا کی درستی کا خیال رکھیں۔

(vii) ہر سوال کا جواب لکھتے ہوئے اس سوال میں دی گئی ہدایت پر عمل کریں۔

**1.** درج ذیل اقتباسات میں سے کسی ایک اقتباس کو چُن کر اس پر دیئے گئے سوالات کے جواب تحریر کیجئے۔ **[8]**

(الف)

لیکن خوجی، آزاد کا ایک بگڑا ہوا خاکہ ہونے کے باوجود اپنی ہستی ہم سے منوالیتا ہے اور سنجیدگی کی دنیا سے باہر نکل کر ہم سے سنجیدہ تنقید کے سارے حربے چھین لیتا ہے۔ لا اُبالی پن کے باوجود اس میں ایک تسلسل ہے۔ اس کی افیون کی ڈبیا، اس کے چند زبان زد فقرے، قرولی کی ہر قدم پر یاد، آزاد سے محبت، پانی سے خوف، اپنی کمزوریوں اور غلطیوں سے بے خبر ہونا، اپنے کو حسین اور خوب صورت سمجھنا، اکڑ، غصہ، یہ سب اور ایسی بہت سی دوسری باتیں ہندوستان اور ہندوستان کے باہر اس کے ہر عمل اور فعل سے ظاہر ہوتی ہیں۔ کوئی شخص اس سے سنجیدگی سے باتیں کرنا چاہتا ہے، وہ اپنی نفسی کجروی کی وجہ سے یہی سمجھتا ہے کہ اس کا مذاق اڑا رہا ہے۔ کوئی عورت اس کا قد اور چہرہ دیکھ کر ہنستی ہے تو وہ سمجھتا ہے کہ اس کی تیز نگاہ سے گھائل ہو گئی۔

سوالات:

(i) مندرجہ بالا اقتباس کی تشریح سیاق وسباق کا حوالہ دیتے ہوئے کیجئے۔ **[5]**

(ii) اپنی ہستی ہم سے کون منوالیتا ہے؟ **[1]**

(iii) کوئی عورت خوجی کا قد اور چہرہ دیکھ کر ہنستی ہے۔ تو وہ کیا سمجھتا ہے؟ **[1]**

(iv) لفظ کجروی، کے کیا معنی ہیں؟ **[1]**

(ب)

جب علی گڑھ میں ایم۔اے کرنے کے دوران تنقید کے پرچے سے ہمارا سابقہ پڑا تو ہم نے کلیم الدین احمد کی کتابیں ''اردو تنقید پر ایک نظر'' اور ''اردو شاعری پر ایک نظر'' غور سے پڑھیں۔ اسی زمانے میں ہم نے اردو ناقدین کی ایک پیروڈی ''کپور کا فن'' کے عنوان سے لکھی۔ اس میں کلیم الدین احمد کے اندازِ بیان کا بھی چربہ اڑایا جو بے حد پسند کیا گیا۔ سرسید ہال میگزین ''اسکالر'' کا میں ایڈیٹر تھا' اس کا پیروڈی نمبر نکالا۔ پہلی بار یہ پیروڈی اس میں یا علی گڑھ میگزین میں شائع ہوئی تھی۔ کلیم صاحب کے ایک شاگرد ہمارے گہرے دوست تھے۔ ان کے اصرار پر ہم نے وہ رسالہ کلیم صاحب کو ڈاک سے بھیج دیا۔

سوالات:

(i) مندرجہ بالا اقتباس کی تشریح سیاق وسباق کا حوالہ دیتے ہوئے کیجئے۔ [5]

(ii) مصنف نے کلیم الدین احمد کی کون کون سی کتابیں پڑھیں؟ [1]

(iii) اردو ناقدین کی پیروڈی کس عنوان سے لکھی گئی؟ [1]

(iv) اقتباس میں آئے لفظ 'سابقہ' کے معنی لکھیے۔ [1]

.2 مندرجہ ذیل اسباق میں سے کسی ایک سبق کا خلاصہ سو الفاظ میں لکھئے۔ [6]

(i) لمحے

(ii) فوٹوگرافر

(iii) زرد پتوں کی بہار

3. درج ذیل نثر نگاروں میں سے کسی ایک کی سوانح حیات اور طرزِ تحریر پر روشنی ڈالیے:۔ [6]

(i) خواجہ حسن نظامی

(ii) مرزا غالبؔ

(iii) کنھیّالال کپور

4. مندرجہ ذیل حصّوں میں سے کسی ایک حِصّہ کی تشریح کیجئے اور شاعر کا حوالہ دیتے ہوئے کیجئے۔ [8]

(الف)

آدمی زباں بھی ہے، آدمی بیاں بھی ہے
اس سے تم نہیں ڈرتے!
حرف اور معنی کے رشتہ ہائے آہن سے، آدمی ہے وابستہ
آدمی کے دامن سے زندگی ہے وابستہ
اس سے تم نہیں ڈرتے!
''اَن کہی'' سے ڈرتے ہو!
جو ابھی نہیں آئی، اُس گھڑی سے ڈرتے ہو!
اُس گھڑی کی آمد کی آگہی سے ڈرتے ہو!

(ب)

(i) اب شوق سے بگاڑ کی باتیں کیا کرو
کچھ پا گئے ہیں آپ کی طرزِ بیاں سے ہم

(ii) ایک لگی کے دو ہیں اثر اور دونوں حسبِ مراتب ہیں
لَو جو لگائے شمع کھڑی ہے، رقص میں ہے پروانہ بھی

(iii) زندگی ہے تو بہرحال بسر بھی ہوگی
شام آئی ہے تو آئے کہ سحر بھی ہوگی

(iv) ہم نے انسانوں کے دُکھ درد کا حل ڈھونڈ لیا
کیا بُرا ہے جو یہ افواہ اُڑا دی جائے

5. مندرجہ ذیل شعراء میں سے کسی ایک شاعر کی سوانح حیات اور کلام کی خوبیاں تحریر کیجئے۔ [6]

(i) راجندر منچند ابانیؔ

(ii) اقبالؔ

(iii) شفیق فاطمہ شعریٰؔ

**.6** مندرجہ ذیل نظموں میں سے کسی ایک نظم کا خلاصہ لکھئے۔ **[6]**

(i) ارتقا

(ii) ملکِ بے سحر و شام

(iii) وقت کا ترانہ

**.7** کتاب خیابانِ اردو کے درج ذیل اسباق میں سے کسی ایک سبق کا خلاصہ لکھئے۔ **[6]**

(i) بیوہ

(ii) جنم دن

(iii) جلتی جھاڑی

**.8** مندرجہ ذیل سوالات میں سے صرف دو کے مختصر جواب لکھئے۔ **[1+1=2]**

(i) ڈرامہ ''یہودی کی لڑکی'' کے مصنف کا نام لکھیے۔

(ii) کہانی ''کلرک کی موت'' کس زبان سے اردو میں ترجمہ کی گئی ہے؟

(iii) ناول ''بیوہ'' کے کردار امرت رائے کے دوست کا نام بتائیے۔

(iv) انشائیہ ''مرحوم کی یاد میں'' کے مصنف نے سائیکل کے دونوں پہیوں کو کہاں پھینکا؟

**9.** درجِ ذیل سوالات میں سے صرف دو کے جواب تفصیل سے لکھئے۔ **[8+8=16]**

(i) اردو زبان کی پیدائش کے متعلق اہم نظریات پر روشنی ڈالیے۔

(ii) دلّی کالج کی ادبی خدمات کا جائزہ لیجئے۔

(iii) دبستانِ لکھنؤ کی خصوصیات تحریر کیجئے۔

(iv) 'ترقی پسند تحریک' پر تفصیلی نوٹ لکھیے۔

**10.** مندرجہ ذیل اصنافِ ادب میں سے کسی ایک صنف پر مفصّل نوٹ لکھئے۔ **[8]**

(i) خاکہ

(ii) غزل

(iii) مختصر افسانہ

**11.** مندرجہ ذیل عنوانات میں سے کسی ایک عنوان پر مضمون لکھئے۔ **[8]**

(i) تعلیم کی اہمیت

(ii) میرا پسندیدہ کھلاڑی

(iii) تندرستی ہزار نعمت ہے

(iv) میرا ریل کا ایک دلچسپ سفر

⇨⇨⇨⇨